# پاکستانی خبروں پر تبصرے

# 14/05/2025

---

## 1-اے اللہ ﷻ! کشمیر کی آزادی (تحریر) کو ارض مقدس، فلسطین کی آزادی کا آغاز بنادے

پاکستان اور بھارت کے درمیان کشمیر میں لائن آف کنٹرول کے بیشتر مقامات پر گولہ باری کا سلسلہ جاری ہے، جب بھارت نے 6 مئی کو راتوں رات پاکستان کے اندر نو مقامات پر بمباری کی، جن کے بارے میں کہا گیا کہ یہ "کشمیر میں مسلح حملے کا ذمہ دار دہشت گرد انفراسٹرکچر تھا"۔ لیکن یاد رہے کہ وہ جنگ کبھی بھی عملی حل نہیں ہو سکتی جو کشمیر کو زیرِ قبضہ چھوڑ دے۔ جہاد کا مقصد چند فتوحات یا دشمن کے چند سروں کی گنتی نہیں، بلکہ باطل کا خاتمہ اور اللہ کے دین کا غلبہ ہے۔ جہاد اس وقت مکمل ہوتا ہے جب مسلم سرزمین آزاد (تحریر) ہو جائے اور اللہ ﷻ کا کلمہ سب سے بلند ہو جائے۔ اس سے کم کچھ بھی اللہ ﷻ، اس کے رسول ﷺ اور مومنین سے خیانت ہے۔ لہٰذا ہمیں مکمل قوت کے ساتھ، اللہ ﷻ کی مکمل اطاعت میں میدانِ جنگ میں داخل ہونا چاہیے۔ ہمیں فوری طور پر دوسری خلافتِ راشدہ کا قیام عمل میں لانا چاہیے، اور کشمیر سے ایسا جہاد شروع کرنا چاہیے جو فلسطین کی آزادی کا راستہ ہموار کرے۔

## 2-جہاد سے دستبرداری نے ہندوؤں کو ہمارے شہروں پر حملہ کرنے کی جرأت دی ہے

میڈیا ذرائع اور عینی شاہدین نے اطلاع دی ہے کہ 8 مئی 2025 کی صبح مشرقی پاکستانی شہر لاہور میں ایک دھماکے کی آواز سنی گئی، جبکہ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے کراچی، لاہور اور سیالکوٹ کے ہوائی اڈوں پر پروازیں معطل کر دی ہیں۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **«ما تركَ قومٌ الجِهادَ إلَّا عَمَّهُمُ اللهُ بِالعذابِ» "جب کوئی قوم جہاد کو ترک کر دیتی ہے تو اللہ اُن پر عذاب مسلط کر دیتا ہے"** (اسے طبرانی نے المعجم الاوسط میں روایت کیا ہے)۔ پاکستان کے مسلمانوں اور ان کی فوج پر لازم ہے کہ وہ دوسری خلافتِ راشدہ کو قائم کریں، تاکہ ایک راشد خلیفہ قیادت سنبھالے اور ایسا فوجی دستہ روانہ ہو، جو جہاد کے عزم سے ہندو ریاست کے ذہن پر چھائے شیطانی وسوسوں کو مٹا دے۔

## 3-اے پاکستان کی افواج! ایٹمی ہتھیاروں کے سائے تلے مقبوضہ کشمیر کو آزاد کراؤ

پاکستان اور بھارت نے آج 9 مئی 2025 کو، ایک دوسرے پر ڈرون حملے کرنے کے الزامات عائد کیے ہیں، اور دونوں نے کسی بھی حملے کے جواب میں سخت ردعمل کی تنبیہ کی ہے۔ دونوں ممالک جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں۔ موجودہ پاک-بھارت کشیدگی کی حقیقی وجوہات سے قطع نظر، امریکہ ان حالات کو معمول پر لانے، اپنے غیر مستحکم ایجنٹوں کو سہارا دینے، اور پاکستان کو اس کے ایٹمی ہتھیاروں کی طاقت سے محروم کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔ اس لیے مخلص افراد پر لازم ہے کہ وہ اس موقع کو غنیمت جانتے ہوئے نبوت کی طرز پر خلافت راشدہ ثانی قائم کریں، اور فلسطین کی آزادی سے پہلے کشمیر کو آزاد کروائیں۔ اللہ علیم و خبیر نے فرمایا: **﴿أَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ﴾ "انہیں وہاں سے نکالو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا، اور فتنہ قتل سے بڑھ کر ہے۔"** (البقرہ: 191)

## 4-اے افواجِ پاکستان! مقبوضہ کشمیر کو آزاد کراؤ، تمہارے ساتھ اللہ ﷻ کی نصرت، رسول اللہ ﷺ کی بشارتیں اور مومنین کی دعائیں ہیں

10 مئی 2025 کی فجر کے وقت، بھارت کے حملے کے جواب میں پاکستان نے ایک عسکری کارروائی (بنیان مرصوص) کا آغاز کیا۔ اللہ ﷻ نے فرمایا: ﴿إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا كَأَنَّهُم بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ﴾ **"یقیناً اللہ اُن لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اُس کی راہ میں صف باندھ کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔"** (سورۃ الصف، آیت 4) فضائی برتری حاصل ہونے کے بعد اب وقت ہے کہ ہماری زمینی فوج اور ٹینک پیش قدمی کریں تاکہ کشمیر کو آزاد کرایا جائے۔ بھارتی فوج تنہا لڑ رہی ہے، جب کہ اسلامی لشکر اللہ ﷻ کی نصرت، رسول اللہ ﷺ کی بشارتوں اور امت مسلمہ کے نوجوانوں، دعاؤں اور حمایت کے ساتھ لڑ رہا ہے۔ ان شاء اللہ کشمیر کی آزادی، فلسطین کی آزادی اور فتحِ ہند کا ایک سنگ میل ہوگا۔

## 5- پاکستان کے حکمرانوں نے جس طرح مقبوضہ فلسطین کے مسلمانوں سے غداری کی، اسی طرح مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں سے بھی غداری کی ہے

10 مئی 2025 کو پاکستانی وزیر اعظم نے کہا کہ ان کا ملک بھارت کے خلاف جنگ جیت چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ﴾ **"پس دل شکستہ نہ ہو اور غم نہ کرو، تم ہی غالب رہو گے اگر تم مومن ہو"** [سورہ آل عمران 139]۔ افواجِ پاکستان کی طرف سے بزدل قابضین کی کمزوری کے بے نقاب کرنے کے بعد بھی مقبوضہ کشمیر کو آزاد کروانے کا سنہری موقع گنوا کر یہ غدار کیسے فتح کی بات کر سکتا ہے؟ اسکے بھائی نواز شریف نے بھی 1999 میں کارگل تنازعہ کے دوران امریکی

صدر کی ایک فون کال کے بعد مسلمانوں کو دھوکہ دیا تھا۔ پاک فوج کو غداروں کو ہٹانا چاہیے اور نبوت کے نقشِ قدم پر خلافت راشدہ قائم کرنی چاہیے، تاکہ وہ مخلص قیادت تلے کشمیر اور فلسطین کو آزاد کرائیں۔

## 6- پاک فوج کو ان غدار حکمرانوں کو برطرف کر کے خلافت راشدہ ثانی کا قیام عمل میں لانا چاہیے

12 مئی 2025 کو بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق بھارت کے کئی اعلیٰ حکام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے بھارت اور پاکستان کے معاہدے کے اعلان پر شدید ناراض تھے۔ ان ہندو مشرکوں نے پھر سے جھوٹ کا سہارا لیا! بھارت اپنی ناپ تول کے بغیر کی گئی اپنی غیر مدبرانہ مہم جوئی کے نتائج پر ششدر رہ گیا اور اس سنگین صورتِ حال سے نکلنے کے لیے بے چینی سے کسی "نجات دہندہ" کا منتظر تھا، کیونکہ حالات مزید نقصان کی طرف جا رہے تھے۔ بھارت نے ٹرمپ کی مداخلت کا خیر مقدم کیا اور دونوں طرف سے جنگ بندی کے مطالبے کو فوراً قبول کیا۔ اے پاکستان کی افواج کے مخلص افسران! تمہارا غضب کہاں ہے؟ تمہاری اس سیاسی اور عسکری قیادت نے تمہاری بابرکت فتوحات کو ضائع کر دیا ہے اور بارہا ثابت کیا کہ وہ تم شیروں کی قیادت کے ہرگز قابل نہیں بلکہ درحقیقت وہی تمہارے اصل دشمن ہیں۔ لہٰذا ان کو ہٹانا اب پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو چکا ہے، اور خلافت راشدہ کے قیام کے لیے نصرۃ فراہم کرنا ایک فوری اور ناگزیر فریضہ ہے، جس میں اب تاخیر کی کوئی گنجائش نہیں۔

## 7- یہود و ہنود کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کی کوششوں کو امت اور اس کی افواج کو ہرگز قبول نہیں کرنا چاہیے

میڈیکل ذرائع کے مطابق پیر 12 مئی 2025 کی فجر سے لے کر اب تک غزہ پٹی پر یہودی وجود کی بمباری کے نتیجے میں کم از کم 42 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ چند گھنٹوں کے وقفے کے بعد شام میں دوبارہ حملے شروع ہوئے، اس دوران یہودی وجود کے ایک گرفتار فوجی کو رہا کیا گیا۔ ہندوؤں کی طرح یہودی بھی ایک دھوکے باز قوم ہیں، جنہیں صرف اسی چیز سے روکا جا سکتا ہے جس کا ذکر اللہ ﷻ نے قرآن کی آیت میں فرمایا:

**﴿فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ﴾ "اگر آپ جنگ میں اُن پر غالب آئیں، تو اُن کے پیچھے والوں کو عبرت دلانے کے لیے سختی سے نمٹیں، تاکہ وہ نصیحت پکڑیں"** [الأنفال: 57]۔ انہیں صرف ایک نئی "خندق" جیسی جنگ ہی روک سکتی ہے، جو ان کی جڑیں اکھاڑ دے، اور ایک نیا "خیبر" جو ان پر اس طرح وار کرے جیسے ثمود پر کیا گیا تھا۔